283

سر شہاب الدین

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
اقبال سائبر لائبریری
©2002-2006

ڈاکٹر وحید عشرت

سر شہاب الدین

ڈاکٹر وحید عشرت

All rights reserved
©2002-2006

چوہدری شہاب الدین ۱۸۶۵ء میں ضلع سیالکوٹ کے ایک گاؤں منگل میں پیدا ہوئے ان کے والد کالے خاں ایک معمولی زمیندار تھے۔ ابتدائی تعلیم گاؤں ہی میں حاصل کی مگر والد کے مزید پڑھانے سے انکار پر گھر چھوڑ کر لاہور آ گئے۔ ریلوے سٹیشن پر بطور قلی کافی عرصہ کام کیا اور اس کے ساتھ محنت مشقت سے پڑھتے رہے۔ آپ نے حصول روزگار کے ساتھ ساتھ گورنمنٹ کالج لاہور سے ۱۹۰۰ء میں بی اے کر لیا اور محکمہ پولیس میں ملازمت اختیار کر لی لیکن جلد ہی ملازمت ترک کر کے اسلامیہ کالج لاہور میں پڑھانے لگے۔ اسی دوران ۱۹۱۵ء میں ایل ایل بی کی ڈگری حاصل کی اور وکالت کا پیشہ اختیار کیا۔ ۱۹۰۴ء میں انہوں نے ایک قانونی جریدہ "پنجاب کریمنل لا جرنل" Panjan criminal Law journal. کے نام سے جاری کیا اور بعد میں "دی انڈین کیسز" The Indian cases کے نام سے ایک ہمہ گیر قانونی مجموعہ بھی مرتب کیا۔

۱۹۱۲ء میں آپ نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز لاہور کی میونسپلٹی کی سیاست سے کیا اور اس کے ایک طویل عرصہ تک صدر رہے۔ ۱۹۰۸ء میں پنجاب کی قانون ساز اسمبلی کا انتخاب لڑا اور بائیس برس تک اس کے صدر رہے۔ برٹش حکومت نے ۱۹۲۰ء میں ان کی سیاسی خدمات کے صلہ میں انہیں "سر" کا خطاب عطا کیا۔ ۱۹۲۶ء میں یونینسٹ پارٹی Unionist party کی تنظیم و تشکیل میں سرگرم حصہ لیا اور ۳۶-۱۹۳۷ء میں وزیر تعلیم بھی رہے۔

آپ پنجابی کے عمدہ شاعر تھے۔ آپ کا سب سے بڑا علمی کارنامہ "مسدس حالی" کا پنجابی ترجمہ ہے۔ علامہ اقبال نے اس کی تعریف کی۔ سر شہاب الدین کی دو اور تصانیف بڑی مشہور ہیں۔ "فتح نامہ" اور "آبادکاران دے ہاڑے" (زمین)

علامہ اقبال سے آپ کا گہرا تعلق تھا ایک تو سیاست کے حوالے سے۔ علامہ اقبال نے خود بھی پنجاب کی سیاست میں بھرپور کردار ادا کیا۔ یونینسٹ پارٹی سے بھی قریبی رابطہ رہا۔ دوسرا علامہ کا تعلق شعری اور ادبی حوالہ سے بھی گہرا تھا۔ مزید براں علامہ اقبال چوہدری شہاب الدین کے قوی الجثہ اور سیاہ رنگ کے مالک ہونے کی وجہ سے ان سے چھیڑ چھاڑ کرتے رہتے تھے اور کوئی نہ کوئی پھبتی یا لطیفہ چوہدری صاحب کے حوالے سے حاضرین محفل کو سنا ڈالتے۔ ان تمام باتوں کے باوجود اور سیاسی نقطۂ نظر میں اختلاف ہوتے ہوئے بھی دونوں میں بڑی دوستی اور پیار تھا۔

آپ نے ۱۹۴۹ء میں وفات پائی۔

www.IqbalCyberLibrary.net
All rights reserved.
اقبال سائبر لائبریری
©2002-2006